**06.08.2024**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

**Music**

..........................................................................

☆ حکومت نے کہا ہے کہ سفارتی مشن، بنگلہ دیش میں بھارتی باشندوں کے ساتھ قریبی رابطے میں ہے۔ پڑوسی ملک میں افراتفری کے دوران، اقلیتوں کی صورتحال پر نظر بھی رکھی جارہی ہے۔

☆ بنگلہ دیش کے صدر محمد شہاب الدین نے قومی پارلیمنٹ کو تحلیل کردیا ہے۔ فوج نے اعلیٰ عہدوں میں بڑی تبدیلیاں کی ہیں۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے، راجدھانی Suva میں فجی کے اپنے ہم منصب Ratu Williame Maivalili سے باہمی بات چیت کی۔

☆ بھارتی ہائی کمیشن نے برطانیہ میں حالیہ گڑبڑی کے مدنظر برطانیہ کیلئے سفر سے متعلق ایڈوائزری جاری کی ہے۔

☆ اور پیرس اولمپکس 2024 میں، نیرج چوپڑا نیزہ پھینکنے کے فائنل کیلئے کوالیفائی کر گئے ہیں۔ پہلوان Vinesh Phogat پچاس کلو فری اسٹائل کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***RS Jaishankar Bangladesh***

بھارت اپنے پڑوسی ملک میں افراتفری کے ماحول میں اپنے سفارتی مشنوں کے ذریعے بنگلہ دیش میں اپنے شہریوں کے ساتھ قریبی اور مربوط رابطہ رکھے ہوئے ہے۔ بنگلہ دیش کی صورتحال پر آج پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں اپنی جانب سے ایک بیان میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ اِس وقت بنگلہ دیش میں تقریباً 19 ہزار بھارتی باشندے ہیں جن میں 9 ہزار طالب علم شامل ہیں۔ انھوں نے کہا کہ اکثر طلباء، ڈھاکہ میں ہائی کمیشن کی صلاح پر گذشتہ مہینے پہلے ہی واپس بھارت پہنچ چکے ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر نے لوک سبھا اور راجیہ سبھا کو بتایا کہ نئی دلّی، اقلیتوں کی صورتحال سے متعلق حالات کی نگرانی کر رہی ہے۔ مختلف گروپوں اور تنظیموں کے ذریعے اُن کے تحفظ اور صحت وتندرستی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کرنے کی رپورٹیں ملی ہیں۔

انھوں نے کہا کہ بنگلہ دیش کی وزیر اعظم شیخ حسینہ نے سکیورٹی کے اداروں کے لیڈروں کے ساتھ ملاقات کے

بعد اپنے عہدے سے استعفیٰ دینے کا فیصلہ کیا تھا۔ انھوں نے مطلع کیا کہ انھوں نے فوری طور پر بھارت آنے کیلئے درخواست کی تھی اور وہ گذشتہ شام دلّی پہنچ گئی تھیں۔ پچھلے 24 گھنٹوں کے دوران، نئی دلّی، ڈھاکہ میں حکام کے ساتھ باقاعدہ رابطہ رکھے ہوئے ہے۔ وزیر خارجہ نے مزید کہا کہ بنگلہ دیش میں تیزی کے ساتھ حالات بدل رہے ہیں۔x

## Bangladesh Interim Govt

بنگلہ دیش کی فوج میں اعلیٰ سطح پر ایک بڑی تبدیلی میں میجر جنرل ضیاء الاحسن کو اُن کے عہدے سے ہٹا دیا گیا ہے، جبکہ لیفٹینینٹ جنرل ایم سیف الاسلام کو وزارت خارجہ میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ ایک اور واقعہ یہ ہوا ہے کہ بنگلہ دیش کے صدر محمد شہاب الدین اور فوج کی تینوں شاخوں کے سربراہان کے مابین ایک میٹنگ میں کیے گیے ایک متفقہ فیصلے کے مطابق بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی کی چیئرپرسن بیگم خالدہ ضیاء کو اُن کے گھر میں نظر بندی سے رہا کر دیا گیا ہے۔ اُن کے ساتھ ساتھ مختلف سیاسی پارٹیوں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں کو بھی رہا کیا گیا ہے۔

ڈھاکہ سے ہمارے نامہ نگار کی رپورٹ......

**V/c- Navalsang Parmar**

بنگلہ دیش میں شیخ حسینہ کی حکومت گر جانے کے بعد وہاں بہت تیزی سے سیاسی حالات و واقعات رونما ہو رہے ہیں۔ بنگلہ دیش کی فوج کے اعلیٰ عہدوں میں بڑے پیمانے پر رد و بدل کیا جا رہا ہے۔ اس کے ساتھ بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی کی چیئر پرسن، بیگم خالدہ ضیاء اور مختلف سیاسی پارٹیوں و سول سوسائٹی کے نمائندوں کو، جو اپنے گھروں میں نظر بند تھے، رہا کر دیا گیا ہے۔ اِس سے پہلے دوپہر کو صدر نے متعلقہ فریقوں کے ساتھ اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے بعد قومی پارلیمنٹ کو تحلیل کر دیا تھا۔ بنگلہ دیش کی سیاسی جماعتوں میں خوف و ہراس کا ماحول ہے۔

ڈھاکہ سے نول سانگ پرمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل حبیب

## Prez FIJI Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو فجی کی راجدھانی Suva میں اپنے سرکاری کام کاج پورا کرنے کے بعد فجی میں NADI کیلئے روانہ ہوگئی ہیں۔ دن کے دوران، باہمی میٹنگیں منعقد کرنے کے بعد، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ایک استقبالیے میں شرکت کی جس کی میزبانی فجی کے صدر نے کی۔

دن بھر سفارتی اور باہمی ملاقاتوں کے بعد، صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے آج شام Suva میں قومی جنگی یادگار پر گلدائرہ نذر کیا اور مہاتماگاندھی ہائی اسکول میں مہاتما گاندھی کے مجسّمے پر گلہائے عقیدت نذر کئے۔ بعد میں صدر جمہوریہ نے فجی کے صدر Williame Katonivere کے ذریعے اپنے اعزاز میں منعقدہ استقبالیے میں شرکت کی۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ بھارت اور فجی اپنے 75 سالہ تاریخی تعلقات کو مزید گہرا کریں گے نیز کثیر جہتی عوامل کو توسیع دیں گے۔ بعد میں صدر جمہوریہ مرمو NADI کیلئے روانہ ہوگئیں، جہاں سے وہ تین ملکوں کے اپنے سرکاری دورے کا دوسرا مرحلہ شروع کرتے ہوئے کل نیوزیلینڈ کے آکلینڈ کیلئے روانہ ہوں گی۔x

## PM Prez Award

وزیر اعظم نریندر مودی نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو فجی کا اعلیٰ ترین شہری اعزاز Companion of the Order of Fiji تفویض کئے جانے پر مبارکباد دی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ ہر بھارتی کیلئے انتہائی فخر اور مسرت کا مقام ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ یہ ایوارڈ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی قیادت کوتسلیم کرنے کے ساتھ ساتھ دونوں ملکوں کے درمیان تاریخی عوام سے عوام کے رابطے کا بھی عکاس ہے۔x

## Indian HC UK Advisory

لندن میں بھارت کے ہائی کمیشن نے، ملک کے کچھ حصوں میں پُرتشدد احتجاج اور تصادم کے بعد، اُن بھارتی باشندوں کیلئے سفر سے متعلق ایک ایڈوائزری جاری کی ہے جو برطانیہ جانے کا منصوبہ رکھتے ہیں۔ کمیشن نے مسافروں پر زور دیا کہ وہ چوکنا رہیں اور برطانیہ کے اندر جب سفر کر رہے ہوں تو احتیاط برتیں۔ بھارتی باشندوں کیلئے سفر سے متعلق یہ ایڈوائزری، ساؤتھ پورٹ میں چاقو زنی کے ایک واقعے کے بعد شروع ہونے والے امیگرینٹ مخالف احتجاج کی وجہ پورے برطانیہ میں افراتفری کے حالیہ واقعات کے تناظر میں جاری کی گئی ہے۔ اس واقعے میں تین بچے ہلاک ہوگئے تھے۔ حملہ آور کی شناخت کے بارے میں غلط معلومات اور جھوٹی معلومات نے کشیدگی میں اضافہ کردیا جس کے باعث مختلف شہروں میں پُرتشدد احتجاج اور تصادم شروع ہوگئے۔x

## UK Bangladesh Crisis

برطانیہ کی حکومت نے اُس افراتفری کی اقوام متحدہ کی قیادت میں تحقیقات کرنے پر زور دیا ہے جس کی وجہ سے بنگلہ دیش کی سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ کو کُل استعفیٰ دینا پڑا اور ملک چھوڑنا پڑا۔ خارجہ سکریٹری ڈیوڈ لیمی نے کہا کہ برطانیہ اس جنوبی ایشیائی ملک کیلئے ایک پُرامن اور جمہوری مستقبل کا خواہشمند ہے۔ انھوں نے کہا کہ بنگلہ دیش میں پچھلے دو ہفتوں میں بڑے پیمانے پر غیرمتوقع تشدد دیکھنے میں آیا ہے نیز وہاں لوگوں کی جانیں بھی گئی ہیں۔ انھوں نے تمام فریقین سے مل کر کام کرنے پر زور دیا تاکہ ایک عبوری حکومت کے تحت امن بحال کیا جاسکے۔x

## Iran Israel Conflict

عالمی سطح پر سفارتی ہلچل کے دوران، دنیا کے رہنما اور اعلیٰ سطح کے افسران، مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کو دور کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں کیونکہ اسرائیل، ممکنہ طور پر ایران پر حملہ کرنے کی تیاری کر رہا ہے۔ پچھلے ہفتے تہران میں، حماس کے سیاسی رہنما اسماعیل ہنیہ کے قتل کے بعد چوکسی میں اضافہ ہوگیا ہے۔

روس کی سلامتی کونسل کے سکریٹری سرگئی شوئیگو، تہران میں ایرانی افسران کے ساتھ میٹنگ کر رہے ہیں، جس کے بارے میں یہ خبریں ہیں کہ روس، ایران کو جدید ترین فضائی دفاعی نظام فراہم کرسکتا ہے۔

اس دوران امریکی CENTCOM کمانڈر جنرل مائیکل Kurilla، اسرائیلی قیادت کے ساتھ صلاح مشورہ کر رہے ہیں۔

مصر کے افسران کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ انھوں نے ایران پر امکانی حملے کے خلاف، ایک دفاعی اتحاد میں شامل ہونے سے انکار کر دیا ہے۔ x

## Uttarakhand Rescue

رودرا پریاگ ضلع کے کیدارگھاٹی میں بچاؤ کارروائیاں تقریباً پوری ہوگئی ہیں۔ کیدارناتھ دھام کیلئے ہیلی کاپٹر کا سفر کل سے دوبارہ شروع ہوگا۔ اتراکھنڈ کے وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے رودرا پریاگ ضلع کے تباہی سے متاثر ضلعوں کا آج فضائی معائنہ کیا۔ انھوں نے کہا کہ سرکار سری کیدارناتھ یاترا روٹ کو پہلے جیسا ہی بنانے کیلئے تیزی کے ساتھ کام کر رہی ہے۔ اخبار نویسوں سے بات چیت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ شدید بارش کی وجہ سے 29 مقامات پر پیدل اور سڑک کے راستوں کو نقصان پہنچا ہے۔

S/B 2100 Pushkar Singh Dhami

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ 12 ہزار سے زیادہ یاتریوں اور مقامی افراد کو ریکارڈ ٹائم میں بچایا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بچاؤ کارروائی تقریباً مکمل ہوگئی ہے۔ہیلی کاپٹر خدمات کے ذریعے جو یاتری کیدارناتھ درشن کیلئے پہنچ رہے ہیں، اُنھیں کرایے میں 25 فیصد کی رعایت دی جائے گی۔ اِس لاگت کو ریاستی سرکار برداشت کرے گی۔x

## Kerala Wayanad

کیرالہ میں کابینہ کی ایک ذیلی کمیٹی نے، جو خطے میں قیام کر رہی ہے، Chaliyar دریا کے دونوں کناروں پر تلاش کے کام میں تیزی لانے کی ہدایت دی ہے۔ اس نے یہ ہدایت بھی دی ہے کہ اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ لاشیں سمندر میں نہ بہہ جائیں، بحریہ اور ساحلی گارڈ کی مدد لی جائے۔

تروانت پورم میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پینارائے وجین نے کہا کہ متاثرہ علاقوں میں، جو عمارتیں منہدم ہونے کے دہانے پر ہیں، اُنھیں مالکان کی مرضی کے بغیر گرایا جائے گا۔ وائناڑ میں زمینی تودے کھسکنے کے حادثے کے متاثرین کے 22 جسمانی اعضاء کی آخری رسوم ادا کی گئیں۔ اِن جسمانی اعضا کو پوری لاش کے طور پر سپرد خاک کیا گیا ہے۔جسمانی اعضاء کو دفنائے جانے سے پہلے سبھی مذہبوں کا دعائیہ جلسہ منعقد کیا گیا۔

اِن جسمانی اعضا کو سپرد خاک کرتے ہوئے ہر ایک عضو کے ساتھ ایک بوتل بھی رکھی گئی ہے، جس میں اُس عضو کے DNA کی تفصیلات فراہم کی گئی ہیں۔ x

## LS Make in India

تجارت و صنعت کے وزیر مملکت جتن پرساد نے آج لوک سبھا میں ایک تحریری جواب میں بتایا کہ ملک میں 'میک اِن انڈیا' پہل کے تحت مصنوعات سازی اور خدمات کے 27 شعبوں میں ترقی ہو رہی ہے۔ اِن شعبوں میں ایرو اسپیس و دفاع، آٹوموٹیو اور آٹو کل پرزے اور بائیو ٹیکنالوجی، کپڑوں کی صنعت و ملبوسات، سیاحت و میزبانی اور تعلیم سے متعلق خدمات بھی شامل ہیں۔ x

## Tarang Shakti Sulur

بھارت کی پہلی کثیر ملکی فضائی دفاعی مشق 'ترنگ شکتی 2024' آج سے تمل ناڈو کے کوئمبٹور میں Sulur کے ایئربیس پر شروع ہوگی۔ امریکہ، جرمنی، فرانس، آسٹریلیا، متحدہ عرب امارات اور سنگاپور سمیت دنیا بھر سے 30 ممالک اس مشق میں حصہ لیں گے جو جدید ترین لڑاکا جیٹ سے مشقیں کریں گے۔ تین روزہ یہ مشق دو مرحلوں میں منعقد کی جارہی ہے۔ پہلا مرحلہ، آج سے اِس مہینے کی 14 تاریخ تک، جبکہ دوسرا مرحلہ، راجستھان کے جودھپور میں 29 اگست سے اگلے مہینے کی 14 تاریخ تک منعقد کیا جائے گا۔ دس ممالک اپنے طیاروں کے ساتھ حصہ لے رہے ہیں جبکہ 18 ممالک مشاہدین کے طور پر مشق میں شرکت کریں گے۔

نئی دلّی میں اخبار نویسوں سے بات کرتے ہوئے فضائی عملے کے نائب سربراہ ایئرمارشل اے پی سنگھ نے بتایا کہ بھارت اپنے اندرونِ ملک تیار کردہ لڑاکا طیارے اور آلات کی نمائش کرے گا۔ انھوں نے مزید کہا کہ تیجس، رافیل، میراج 2000، جیگوار، مگ-29 طیارے اور دیگر اِس مشق میں حصہ لیں گے۔ پرواز کرنے اور گراؤنڈ کی تربیت، دفاعی ایکسپوزیشن اور ثقافتی تبادلے کے پروگرام بھی منعقد کئے جائیں گے۔ شرکت کرنے والے ممالک کے دفاعی عملے کے افراد، بھارت کی ٹیک کمپنیوں کا دورہ بھی کریں گے۔x

## National Handloom Day

ہینڈلوم کا دسواں قومی دن کُل منایا جائے گا۔ نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نئی دلّی میں ہینڈلوم کے بنکروں کو، ہینڈلوم کے شعبے میں اُن کے غیرمعمولی تعاون کیلئے سنت کبیر ایوارڈس اور قومی ہینڈلوم ایوارڈس تفویض کریں گے۔ تقریبات کا مقصد، ہینڈلوم کے شعبے کی اہمیت اور ملک کی سماجی واقتصادی ترقی میں اِس کے تعاون کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا ہے۔x

## RS Cyber Fraud

حکومت نے کہا ہے کہ سائبر جرائم کو ختم کرنے کیلئے ملک بھر میں ایک کروڑ 92 لاکھ سم کارڈس کو بلاک کردیا گیا ہے۔ راجیہ سبھا میں وقفۂ سوالات کے دوران ذیلی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے خزانے کے وزیرمملکت پنکج چودھری نے کہا کہ سائبر فراڈ کے خلاف حکومت صفر برداشت کی پالیسی رکھتی ہے۔x

## Paris Olympics Shedule

اور اب کچھ خبریں پیرس اولمپکس کی...

Opening-Olympic Theme song

پیرس اولمپک 2024 میں بھارت کی کُشتی کھلاڑی ونیش پھوگاٹ، یوکرین کی Oksana Livach کو خواتین کشتی کے 50 کلوگرام فری اسٹائل کے کوارٹر فائنل مقابلے میں سات-پانچ سے ہراکر سیمی فائنل میں داخل ہوگئی ہیں۔ آج رات ونیش کا مقابلہ کیوبا کی Yusneylis Guzman Loper یا لتھوانیا کی Gabija Dilyte سے ہوگا۔ یہ

مقابلہ Cham -de-Mars Arean میں رات 10 بج کر 25 منٹ پر شروع ہوگا۔

نیرج چوپڑا نے بھالہ پھینکنے کے مقابلے کے کوالیفائنگ راؤنڈ میں 89 اعشاریہ 34 میٹر دور بھالہ پھینک کر فائنل میں جگہ بنالی ہے، جبکہ کشور Jena کوالیفیکیشن راؤنڈ میں گروپ۔اے میں 15 ویں مقام پر رہے۔

ہاکی میں ہرمن پریت کی قیادت میں بھارت نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کیا ہے۔ کوارٹر فائنل مقابلے میں برطانیہ کے خلاف پہلے ہاف میں 10 کھلاڑیوں کے ساتھ کھیلنے کے باوجود بھارت نے سیمی فائنل میں جگہ بنائی۔ بھارت کے گول کیپر بی آر سری جیش نے بہت اچھے گول بچائے جس کے بعد جرمنی کے خلاف بھی ان سے یہ امید لگائی جا رہے ہے۔ہرمن پریت نے اب تک سات گول کیے ہیں اور آگے بھی ان سے بہترین کھیل کی امید ہے۔اولمپکس میں بھارت کی ہاکی ٹیم نے اب تک 12 تمغے جیتے ہیں، جن میں سونے کے 8، چاندی کا ایک اور کانسے کے تین تمغے شامل ہیں۔ اولمپکس میں بھارت، ہاکی کی سب سے بہترین ٹیم مانی جاتی ہے۔ بھارت نے آخری مرتبہ 44 سال قبل ماسکو اولمپک کا فائنل کھیلا تھا۔

بھارت اور جرمنی کے درمیان ہاکی کا سیمی فائنل مقابلہ آج رات ساڑھے 10 بجے Yves-du-Manoir اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔

ٹیبل ٹینس میں بھارت کی مردوں کی ٹیم، چین سے تین-صفر سے ہار کر راؤنڈ 16 سے باہر ہوگئی ہے۔

Closing-Olympic Theme song

☆☆☆☆☆☆☆☆